# اپنی شاخیں خود سے الگ کر کے آگے بڑھنے والا پودا

شمال مغربی میکسکو کے ریگستانوں میں عام پائے جانے والے ایک کیکٹس کو کریپنگ ڈیول یعنی رینگنے والا شیطان کہا جاتا ہے کیونکہ یہ لق ودق صحرا میں آگے بڑھنے والا واحد کیکٹس پودا ہے۔ایک جانب تو یہ خود کو کلون کر لیتا ہے تو دوسری جانب اس کی شاخیں خود کو پودے سے الگ کر کے آگے بڑھتی رہتی ہیں۔

رینگنے والے شیطان کیکٹس کا سائنسی نام اسٹینوسیریئس ایروکا ہے۔ یہ غیر معمولی کیکٹس میکسیکو کی ریاست باہا(Baja)، کیلیفورنیا میں بہت زیادہ پایا جاتا ہے۔ دنیا کے سارے کیکٹس زمین سے عمودی انداز میں اگتے ہیں جبکہ یہ اس طرح اگتا ہے کہ لیٹا ہوا دکھائی دیتا ہے اور اس کا کچھ حصہ اوپر اٹھا ہوا ہوتا ہے۔

اس طرح ایک جانب تو یہ خود کو زندہ رکھتا ہے اور دوسری جانب یہ ریگستان میں آگے بڑھتا رہتا ہے۔

کیلیفورنیا میں یہ کیکٹس ایک سال میں دو فٹ تک بڑھتا ہے اور کبھی کبھی ان کی تعداد اتنی بڑھ جاتی ہے کہ ہر جگہ یہ کیکٹس دکھائی دیتے ہیں۔ ان کی ایک اور خاص بات یہ ہے کہ یہ مرکزی درخت سے الگ ہو کر ٹوٹتے رہتے ہیں اور ان کی آبادی میں اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ لیکن ان سب باتوں کے باوجود رینگنے والا کیکٹس بہت تیزی سے کم ہوتا جا رہا ہے اور اس کی بقا کو مشکلات کا سامنا ہے۔

اسی لیے اس کی بقا پر خطیر رقم بھی خرچ کی جا رہی ہے اور ایک پودا تنے سمیت 4 سے 5 لاکھ روپے میں فروخت کیا جا رہا ہے۔